**04.12.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

Music

..........................................................................

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت سمندری نقل و حمل اور مانسون کی سمندری صلاحیت کے لحاظ سے ایک قائد ملک بن گیا ہے۔

☆ مرکز نے کہا ہے کہ گزشتہ پانچ سال کے دوران ملک کے 60 اضلاع، بائیں بازو کی انتہاپسندی کی لعنت سے آزاد ہوچکے ہیں۔

☆ مرکزی وزیر بھاگیرتھ چودھری نے کہا ہے کہ سرکار، کسانوں کے ساتھ بات چیت کیلئے تیار ہے۔

☆ سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں نے پنجاب کے سابق نائب وزیر اعلیٰ سُکھ بیر سنگھ بادل کوقتل کرنے کی کوشش کی مذمت کی ہے۔

☆ بھارت نے ترقی پذیر ممالک کو بہتر تعاون فراہم کرنے کیلئے عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات کا مطالبہ کیا ہے۔

☆ جنوبی کوریا کے اپوزیشن قانون سازوں نے مارشل لا نافذ کرنے کے فیصلے کے بعد صدر Yoon Suk Yeol کے مواخذے کیلئے پارلیمنٹ میں ایک قرار داد پیش کی ہے۔

☆ اور...... شارجہ میں 19 سال سے کم عمر کے ایشیا کپ کرکٹ میں بھارت، میزبان متحدہ عرب امارات کو 10 وکٹ سے ہراکر سیمی فائنل میں پہنچ گیاہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Odisha Prez Visit*

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا کہ بھارت سمندری نقل و حمل، جہاز سازی اور مانسون کی سمندری صلاحیت کو بڑھانے کی قابلیت کے لحاظ سے ایک قائد ملک بن گیا ہے۔ اڈیشہ کے پوری میں Blue Flag Beach پر آج شام ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت کی معیشت امیدوں اور عزائم سے بھرپور ہے کیونکہ بھارت کی خوش قسمتی، شان و شوکت اور شناخت سمندروں سے ہوتی ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارتی بحریہ ملک کی بحری سلامتی کو یقینی بنانے اور 2047 تک ملک کو وکست بھارت بنانے کیلئے بھرپور تعاون دینا

جاری رکھے گی۔

2100- Prez Cut

انہوں نے امید ظاہر کی کہ بھارتی بحریہ ملک کی اقتصادی ترقی اور سمندری تجارت کے ذریعہ دنیا بھر میں پھیلنے کی ہماری دلچسپی کا تحفظ جاری رکھے گی۔ صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ بھارت طویل ساحلی پٹی، جزیرہ نما علاقے اور ترقی یافتہ سمندری ڈھانچے کے ساتھ ایک عظیم ملک ہے۔

پوری کے بلیو فلیگ بیچ پر بحریہ کا دن آپریشن Trident کی سالگرہ کے موقع پر منایا جاتا ہے، جو 1971 کی پاکستان- بھارت جنگ کے دوران ایک اہم بحری کارروائی تھی۔ اس کارروائی میں Marine کمانڈوز اور بھارتی فوج کے اہلکاروں کی مدد سے 15 سے زیادہ بحری جہاز، آبدوز اور 40 سے زیادہ طیارے شامل ہوئے تھے۔

بحریہ کے دن کی تقریب میں بحریہ کی صلاحیتوں اور بھارت کے بحری مفادات کا تحفظ کرنے کے تیئں اُس کی لگن کو اجاگر کرنے کے مقصد سے مِگ- 29K اور Hawk لڑاکا طیاروں کی فضائی مشقیں، MARCOS کی جنگی مشقیں، آبدوز آپریشنز، بحری جہازوں پر طیاروں کی لینڈنگ اور جنگی جہازوں سے راکٹ فائرنگ کا مظاہرہ کیا گیا۔

VC- Parkash Dash

پوری کے بلیو فلیگ بیچ پر منعقدہ بحریہ کے دن کی تقریبات کے دوران توقع کے مطابق ہندوستانی بحریہ کے جیٹ لڑاکا طیاروں اور ہوائی جہازوں نے اپنے شاندار پرواز کے ساتھ ساتھ شاندار فارمیشن کا مظاہرہ کیا۔ اس عظیم الشان جشن کا آغاز Hawk اے جے ٹی سے ہوا جسے 'فینٹمز' بھی کہا جاتا ہے یہ ہندوستانی بحریہ کے کثیر مقصدی تربیتی طیارے ہیں، ہاک تیر کے نشان کی شکل میں موجود طیارے نے اپنی قطبی حملہ کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ ایک بم پھٹنے کی چال کے تحت پیش کیا۔ ساحلی کمانڈوز یا MARCOS، جو کہ اعلیٰ تربیت یافتہ جنگجو ہیں، نے طاقت اور جنگی مہارت کے ساتھ حقیقی زندگی میں یرغمال بنائے جانے والے ریسکیو آپریشن کا بھی مظاہرہ کیا جو کہ ناظرین کیلئے ایک منفرد تجربہ تھا، جو بڑی تعداد میں یومِ بحریہ کے موقع پر موجود تھے۔x

## RS - Naxal

حکومت نے کہا ہے کہ گذشتہ پانچ برس میں 60 اضلاع سے بائیں بازو کی انتہا پسندی کو ختم کیا گیا ہے۔ آج راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں داخلی امور کے وزیرمملکت نتیانند رائے نے کہا کہ بائیں بازو کی انتہا پسندی سے نمٹنے کی خاطر قومی پالیسی اور کارروائی کے منصوبے کو نافذ کرنے کے حکومت کے عزم کے پیش نظر جغرافیائی اعتبار سے اِس کے پھیلاؤ اور تشدد میں کمی دونوں میں نمایاں طور پر بہتری آئی ہے۔ x

## RS - Boilers Bill

راجیہ سبھا نے Boilers سے متعلق بل 2024 کو منظوری دے دی ہے۔ یہ Boilers قانون 1923 کی جگہ لے گا۔ اس بل میں Boilers میں کام کرنے والے افراد کی سلامتی اور Boilers کی مرمت کا کام تربیت یافتہ افراد کی جانب سے کئے جانے کو یقینی بنانے کیلئے مخصوص ضابطے شامل کئے گئے ہیں۔ کاروبار کرنے میں آسانی کیلئے ،

اِس بل سے MSME شعبے سمیت Boilers استعمال کرنے والوں کو فائدہ ہوگا۔ اِس بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے، کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ حکومت آزادی کے دور سے پہلے کے سبھی قوانین پر دوبارہ غور کررہی ہے۔ x

### RS - Jaishankar

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھارت اور چین کے درمیان بہتر تعلقات کی خاطر سرحدی علاقوں میں امن و استحکام کو ایک بنیاد کے طور پر انتہائی اہم قرار دیا ہے۔ چین کے ساتھ بھارت کے تعلقات کے حوالے سے حالیہ واقعات پر آج راجیہ سبھا سے خطاب کرتے ہوئے، ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ آئندہ دنوں میں دونوں ملکوں کے درمیان تبادلۂ خیال میں کشیدگی کو کم کرنے اور موثر سرحدی بندوبست پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ x

### Jaishankar - Kuwait FM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج شام نئی دلّی میں کویت کے اپنے ہم منصب عبداللہ علی الیحییٰ سے بات چیت کی۔ میٹنگ کے دوران ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت تجارت ، سرمایہ کاری ، توانائی ، اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں کویت کے ساتھ دو طرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کیلئے پُر عزم ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ آج کی بات چیت نے فریقین کو علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال پر ایک دوسرے کے نظریات جاننے کا موقع فراہم کیا۔ انہوں نے مغربی ایشیا کی صورتحال پر تشویش ظاہر کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور کویت کے درمیان دیرینہ تعلقات ہیں۔

انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ 2047 تک بھارت کا وِکست بھارت کا نظریہ اور 2035 تک نئے کویت کا ، کویت کا نظریہ ، دونوں ملکوں کے عوام کی امنگوں پر مبنی ہیں۔ انہوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ کویت میں آباد بھارتی برادری دونوں ملکوں کے درمیان ایک پُل کا کام کرتی ہے۔

SB - Jaishankar

اِس سے قبل آج دوپہر دورے پر آئے ہوئے کویت کے وزیر خارجہ نے ، وزیر اعظم نریندر مودی سے اُن کی سرکاری رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ x

### Maha Govt Formation

مہاراشٹر میں BJP کے دیویندر فڑنویس، شیوسینا کے کار گزار وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے اور NCP کے اجیت پوار سمیت مہایوتی کے لیڈروں نے آج ممبئی کے راج بھون میں مہاراشٹر کے گورنر CP رادھا کرشنن سے ملاقات کی اور ریاست میں نئی سرکار تشکیل دینے کا دعویٰ پیش کیا۔ اِن لیڈروں نے گورنر موصوف کو ایک مراسلہ پیش کیا، جس پر مہایوتی اتحاد کے 237 ارکانِ اسمبلی کے دستخط ہیں۔

2100- Final Devendra Fadanvis

اس موقع پر BJP کے مرکزی مشاہدین، مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اور گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ وجے روپانی کے علاوہ دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ BJP کے سینئر رہنما دیویندر فڑنویس، ریاست کے اگلے وزیر اعلیٰ ہوں گے۔

وہ ممبئی کے آزاد میدان میں کل شام ساڑھے 5 بجے تیسری مرتبہ وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔

اسی دوران جھارکھنڈ میں ہیمنت سورین سرکار کی کابینہ میں توسیع، کل رانچی میں دن میں ساڑھے 12 بجے کی جائے گی۔ کُل گیارہ وزراء راج بھون میں حلف لیں گے۔ x

## *Govt Farmers*

زراعت کے وزیر مملکت Bhagirath چودھری نے کہا ہے کہ حکومت کسانوں کے ساتھ بات چیت کیلئے تیار ہے اور اُن کیلئے سبھی دروازے کھلے ہیں۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب چودھری نے کہا کہ کسانوں کو اپنے مسائل بتانے چاہئیں اور حکومت اُن کے حل کے طور طریقوں پر غور کرے گی۔

SB - Bhagirath Chaudhary

## ``*Punjab - Sukhbir*

سبھی سیاسی جماعتوں کے سیاسی رہنماؤں نے آج پنجاب کے سابق نائب وزیر اعلیٰ سُکھبیر سنگھ بادل کے قتل کی کوشش کی مذمت کی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت سنگھ مان نے اِس حملے کی مذمت کی ہے۔ جناب مان نے کہا کہ اِس پورے واقعے کی تحقیقات کیلئے پنجاب پولیس کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں اور اس سے جلد سے جلد رپورٹ داخل کرنے کو کہا گیا ہے۔

پنجاب کے BJP کے سینئر رہنما منورنجن کالیا نے پولیس کی موجودگی میں اِس حملے کی مذمت کرتے ہوئے، وزیر اعلیٰ کے استعفے کا مطالبہ کیا ہے۔ شرومنی اَکالی دَل کے سینئر رہنما ڈاکٹر دَلجیت سنگھ چیما نے اِس حملے کے پیچھے سازش کا پتہ لگانے کیلئے عدالتی تحقیقات کی مانگ کی ہے۔

اِس سے قبل آج دن میں امرتسر میں گولڈن ٹیمپل میں داخلے کے مقام پر پنجاب کے سابق نائب وزیر اعلیٰ سُکھبیر سنگھ بادل کے قتل کی کوشش کی گئی۔ تاہم وہ اِس حملے میں بال بال بچ گئے۔ جناب بادل پر یہ حملہ اُس وقت کیا گیا ، جب وہ سری اَکال تخت کی جانب سے حالیہ سزا کے طور پر داخلے کے مقام پر وہیل چیئر پر بیٹھے ہوئے تھے۔ x

## *India Global South*

بھارت نے ترقی پذیر ملکوں کی بہتر طور پر مدد کیلئے عالمی مالی نظام میں اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ اقوام متحدہ کی ایک میٹنگ کے دوران وزارتِ خزانہ میں اقتصادی امور کے شعبے میں صلاح کار بھارت کی محترمہ گیتا جوشی نے بین الاقوامی مالی اداروں میں خطہ جنوب کی اور زیادہ نمائندگی اور کثیر الملکی ترقیاتی بینکوں کی جانب سے زیادہ رقم فراہم کرنے کی ضرورت کو اُجاگر کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ ترقی پذیر ملکوں کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے مالی نظام کو اور زیادہ مستحکم کرنے کی ضرورت ہے۔x

### CBI Searches

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے آج تقریباً 117 کروڑ روپے کی مالی دھوکہ دہی سمیت سائبر دھوکہ دہی کیس کے سلسلے میں دلّی اور آس پاس کے علاقوں کے 10 مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی۔ CBI کے مطابق اب تک کی تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ بیرون ملک سے دھوکہ دہی انجام دینے والے افراد، بھارت میں لوگوں کو دھوکہ دہی کا شکار بنانے کیلئے ویب سائٹس، وہاٹس ایپ اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کا استعمال کرتے ہیں۔ دھوکہ دہی کرنے والے افراد، لوگوں کو پارٹ ٹائم جاب گھپلے، کام پر مبنی دھوکہ دہی اور شروعاتی سرمایہ کاری پر بہت زیادہ ریٹرنس دینے کا وعدہ کرکے لبھاتے ہیں۔ چھاپوں کے دوران CBI نے دھوکہ دہی میں ملوث مشتبہ لوگوں کے ٹھکانوں سے الیکٹرانک آلات اور مالیاتی ریکارڈز سمیت شواہد اکٹھا کیے اور قابل اعتراض دستاویزات ضبط کیے۔

CBI نے کہا کہ گروہ کے دیگر ممبروں کی شناخت کرنے اور غیر قانونی فنڈز کا پتہ لگانے کیلئے مزید تحقیقات جاری ہیں۔ x

### ISRO Proba 3 Solar Mission

خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اسرو نے PROBA-3 خلائی گاڑی میں خرابی کے باعث PSLV-C59-Proba 3 مشن کو دوبارہ لانچ کرنے کا پروگرام بنایا ہے۔ اِس مشن کو اب کل شام چار بج کر 12 منٹ پر خلا میں بھیجا جائے گا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں اسرو نے اِس کا اعلان کیا۔ اِس سے پہلے Proba 3 مشن کیلئے دوہرے سیارچوں کو آج شام چار بج کر 8 پر خلا میں بھیجنے کا پروگرام تھا۔ x

### South Korea

جنوبی کوریا میں آج اپوزیشن اتحاد کے قانون سازوں نے صدر Yoon Suk Yeol پر مواخذے کی کارروائی کیلئے پارلیمنٹ میں ایک تحریک پیش کی۔ کل اچانک حیرت انگیز طور پر مارشل لاء نافذ کئے جانے کے بعد ایسا ہوا ہے، جس کے تحت ہزاروں مظاہرین سڑکوں پر نکل آئے تھے۔ مارشل لاء کی سخت مخالفت کے بعد صدر Yoon نے چھ گھنٹے کے اندر اندر مارشل لاء نافذ کرنے کا اپنا فیصلہ واپس لے لیا تھا۔ اپوزیشن ڈیموکریٹک پارٹی کے ایک رکن Kim Yong-min نے کہا ہے کہ مواخذے کی کارروائی پر ووٹنگ جلد سے جلد جمعہ تک ہوسکتی ہے۔ چھ سیاسی جماعتیں اس سے متعلق تحریک کی حمایت کررہی ہیں۔ x

### Syria - Guarantor Countries

آج ماسکو نے کہا ہے کہ روس، ایران اور ترکی، شام میں جاری لڑائی پر قریبی رابطے میں ہیں۔ ملک شام کے دوسرے سب سے بڑے شہر Aleppo پر باغیوں کی جانب سے اچانک حملے کے بعد قبضہ کئے جانے کے تناظر میں ایسا ہوا ہے۔ روس کی وزارتِ خارجہ کی ترجمان Maria Zakharova نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ گارنٹی والے تین ممالک کے وزراء خارجہ قریبی رابطے میں ہیں۔ اِس دوران ایرانی وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ اُن کا ملک، شام کیلئے

فوج بھیجنے کو تیار ہے اور وہ صدر بشارالاسد کی باضابطہ درخواست کا انتظار کررہا ہے۔ ایران کا اتحادی روس ، شام میں
Hayat Tahrir Al-Sham
کا مقابلہ کرنے کیلئے حکومتی افواج کی پہلے ہی مدد کررہا ہے۔ x

## Rev U19 Asia Cup Cricket

19 سال سے کم عمر کے ایشیا کپ کے ایک روزہ بین الاقوامی میچ کے گروپ اے زمرے کے آخری میچ میں بھارت ، میزبان متحدہ عرب امارات کو 10 وکٹ سے ہراکر سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ یہ میچ شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا گیا تھا۔

متحدہ عرب امارات نے ٹاس جیت کر 138 رَن کا ہدف رکھا اور پوری ٹیم 44 اوورو ں میں آل آؤٹ ہوگئی۔ بھارت نے 16 اعشاریہ ایک گیند میں بغیر کسی وکٹ کے نقصان کے 143 رَن بنائے اور اس میچ میں شاندار جیت حاصل کرلی۔

اب بھارت کا مقابلہ اگلے سیمی فائنل میں سری لنکا سے جمعہ کو ہوگا، جوکہ شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

اسی روز ایک دیگر سیمی فائنل میچ میں پاکستان اور بنگلہ دیش ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہوں گے۔

آج پاکستان نے جاپان کو 180 رَن سے ہرا دیا ہے۔x

## Hockey

عمان کے شہر مسقط میں مردوں کے جونیئر ہاکی ایشیا کپ کا فائنل مقابلہ آج بھارت اور پاکستان کے درمیان آج شام ساڑھے آٹھ بجے سے جاری ہے۔ دفاعی چیمپئن بھارت ، جو کہ اِس ٹورنامنٹ میں ناقابل شکست ٹیم رہی ہے، اپنا تیسرا اور ٹورنامنٹ کا پانچواں خطاب اپنے نام کرنے کی کوشش کرے گی۔

بھارت نے دِلراج سنگھ ، روہت اور شاردانند تیواری کے گول کی مدد سے ملیشیا کو سیمی فائنل میں 1-3 سے ہراکر فائنل میں جگہ بنائی ہے۔ پاکستان پہلے ہی سے جاپان کو 2-4 سے ہراکر سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆